## موجودہ نازک حالات میں متحدہ قومی موومنٹ ملک کونقصان پہنچانے کی تمام سازشوں کوعوام کے اتحادو یکجہتی سے ناکام بنادے گی

## لال قلعہ گراؤنڈعزیز آباد میں شعبہ خواتین کے اجتماع سے رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم، جوائنٹ انچارج عبدالحسیب کا خطاب

کراچی ۔۔۔یکم،فروری2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم نے کہا ہے کہ ملک بنانے کیلئے بانیان پاکستان کی اولادوں نے لاکھوں جانوں کی قربانیاں دیں ہیں اورموجودہ نازک حالات میں متحدہ قومی موومنٹ ملک کونقصان پہنچانے کی تمام سازشوں کوعوام کے اتحادو یکجہتی سے ناکام بنادے گی۔ان خیالات کا اظہارانہوں نے گزشتہ شب ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں شعبہ خواتین کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔یہ اجلاس چوبیس گھنٹے کے مختصرنوٹس پرطلب کیا گیا تھا جس میں کراچی کے شہری اورمضافاتی علاقوں کی ہزاروں خواتین نے شرکت کی۔اس موقع پرایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عبدالحسیب،ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کی رکن و شعبہ خواتین کی انچارج محترمہ خورشیدافسر،جوائنٹ انچارج نائلہ لطیف اورشعبہ خواتین کی اراکین بھی موجودتھیں۔انور عالم نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین ملک کی بقاء و سلامتی کی جدوجہد کررہے ہیں اورملک کے موجودہ نازک حالات میں ملک وقوم کے دشمن نئی نئی سازشیں تیارکررہے ہیں اوران سازشوں کا مقابلہ کرنے کیلئے ہم سب کواپنے اتحادکا بھرپورمظاہرہ کرنا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین نے سانحہ راولپنڈی لیاقت باغ کے بعدشرپسنداور مسلح دہشت گردوں کے ذریعے کرائے جانے والے لوٹ مار،جلاؤگھیراؤاور پرتشددواقعات پرعوام وکارکنان کوصبروتحمل کا پیغام دیااور ملک وقوم کوایک مرتبہ پھر بڑے نقصان سے بچالیا۔انہوں نے کہا کہ بین الاقوامی میڈیا میں پاکستان کے عدم استحکام کے بارے میں مضامین شائع کئے جارہے ہیں جبکہ ملک کی موجودہ صورتحال بھی انتہائی نازک ہے ایسے حالات میں ہرقومیت اور برادریوں سے تعلق رکھنے والے افرادکواپنی ذمہ داریوں کا احساس کرنا چاہئے اورمتحد ہوکرملک وقوم کی ترقی وخوشحالی اوراستحکام کیلئے کام کرنا ہوگا۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے رابطہ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عبدالحسیب نے کہا کہ خواتین کی شمولیت سے حق پرستی کی تحریک کوتوانائی ملتی ہے۔انہوں نے کہا کہ ہم انقلابی تحریک کے نظریاتی کارکن ہیں اورسیاسی وانقلابی تحریک کے کارکنان میں واضح فرق نظرآنا چاہئے لہٰذا کارکنان اپنے اندازگفتگواورنشست وبرخواست کے بہترآداب پرعمل کریں اورتحریک کی ذمہ داری کومحسوس کرتے ہوئے جدوجہدکو پرامن طریقے سے جاری رکھیں۔اجلاس سے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کی رکن اورشعبہ خواتین کی انچارج محترمہ خورشیدافسر نے بھی خطاب کیا۔

## عوام لسانی فسادات کی سازشوں سے ہوشیار رہیں اوراپنے اتحاد سے ان سازشوں کوناکام بنادیں،رضاہارون

## ہم ایم کیوایم اورقائدتحریک الطاف حسین کے ساتھ ہیں،علاقہ کے بزرگوں کی یقین دہانی

کراچی ۔۔۔یکم،فروری2008ء

صوبائی اسمبلی کے حلقہ 115 کی نشست پرایم کیوایم کے نامزدحق پرست امیدواررضاہارون نے کہا ہے کہ سندھ دھرتی پررہنے والوں کا جینا مرنا دھرتی ماں سے وابستہ لہٰذا ہم سب کا یہ فرض ہے سندھ کے حقوق کے جدوجہدمیں شامل ہوں اورقائدتحریک الطاف حسین کے ہاتھوں کومضبوط کریں۔ان خیالات کا اظہارانہوں نے سوسائٹی کے علاقہ نیوسندھی مسلم کالونی میں الیکشن آفسوں کی افتتاحی تقریبات اورانتخابی کارنرمیٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔کارنرمیٹنگ میں مختلف قومیتوں اور برادریوں سے تعلق رکھنے والے عوام نے بڑی تعدادمیں شرکت کی۔رضاہارون نے کہا کہ عوام لسانی فسادات کی سازشوں سے ہوشیار رہیں اوراپنے اتحاد سے ان سازشوں کوناکام بنادیں۔۲۷،۲۸اور۲۹دسمبر کے روز سندھ میں ایک سوچے سمجھے منصوبہ کے تحت ایک مخصوص طبقہ کونشانہ بنایا گیا تاکہ شہرکا امن وامان خراب کیا جائے اور پرتشددکارروائیاں کرکے لسانی فسادات کی آگ کربھڑکایا جا سکے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے قائدجناب الطاف حسین نے ان تمام سازشوں کوناکام بنادیااوران کی اپیل پرعوام نے صبروتحمل کا مظاہرہ کیا۔انہوں نے اس موقع پرعلاقہ کے عوام کوکہا کہ وہ اپنے درمیان موجودایسے عناصر سے ہوشیار رہیں جوہمیں آپس میں لڑوانے کے سازشیں کرنے میں مصروف ہیں۔انہوں نے کارنرمیٹنگ میں موجودحاضرین کو ایم کیوایم کے منشورکے اہم نکات سے بھی آگاہ کیا۔اس موقع پرعوام کی ایک بڑی تعدادجمع ہوگئی اورعلاقہ کے بزرگوں نے اس بات کا اظہارکیا کہ ایم کیوایم ہی وہ واحدجماعت ہے جوعوامی مسائل حل کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ وہ قائدتحریک الطاف حسین کی قیادت پربھرپوراعتمادکرتے ہیں اور دیگرسیاسی ومذہبی لیڈران کواچھی طرح جان چکے ہیں۔علاقہ کے بزرگوں نے جناب رضاہارون کوپورے علاقہ کے حمایت کا یقین دلایااورکہا کہ نیوسندھی مسلم کالونی کا ایک ایک ووٹ ایم کیوایم کوہی ملے گا۔اس موقع پررضاہارون نے علاقہ میں ایم کیوایم کے تین الیکشن آفسوں کا افتتاح بھی کیا۔

## ملک سے فرسودہ اور جاگیردارانہ نظام کے خاتمے کیلئے عوام کو الطاف حسین کے ہاتھ مضبوط کرنے ہوں گے
## ڈاکٹر فاروق ستار کا رنچھوڑ لائن میں منعقدہ بڑی انتخابی کارنر میٹنگ سے خطاب

کراچی۔۔۔یکم فروری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز اور حق پرست امیدوار برائے این اے 249 ڈاکٹر فاروق ستار نے جمعرات کے روز بھی اپنے حلقہ انتخاب میں انتخابی مہم جاری رکھی۔انہوں نے اس موقع پر کئی کارنر میٹنگوں سے خطاب کیا اور عوام سے رابطے کیے۔رنچھوڑ لائن میں ایک بڑی کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 18 فروری کو حق وصداقت کا سورج ایک بار پھر طلوع ہوگا جس کی کرنیں کراچی سمیت ملک بھر کو ترقی وخوشحالی سے منور کردیں گی۔انہوں نے کہا کہ الطاف حسین ہی حق وصداقت کی نشانی ہیں ان کی حق پرستی کے انمٹ نقوش واضح طور پر چاروں طرف دیکھے جاسکتے ہیں، ملک سے فرسودہ اور جاگیردارانہ نظام کے خاتمے اور مظلوموں،محکوموں کی حکمرانی کیلئے عوام کو الطاف حسین کے ہاتھ مضبوط کرنے ہوں گے۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ آئندہ انتخابات میں حق پرست امیدواروں کو کامیاب بنائیں۔

## ایم کیوایم تعلیمی نظام کو جدید خطوط پر استوار کرے گی، معین خان
## نارتھ کراچی سیکٹر A-11 میں منعقدہ انتخابی کارنر میٹنگ سے خطاب

کراچی۔۔۔یکم فروری 2008ء

صوبائی اسمبلی کے حلقہ 98 کی نشست پر متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدوار معین خان نے کہا ہے کہ ایم کیوایم تعلیمی نظام کو جدید خطوط پر استوار کرکے ملک سے دوہرے تعلیمی نظام کا خاتمہ کرے گی۔ یہ بات انہوں نے انتخابی مہم کے سلسلے میں نارتھ کراچی سیکٹر A-11 میں منعقدہ کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔معین خان نے کہا کہ صوبوں اور وفاق اور خود صوبوں کے درمیان ہم آہنگی کے فروغ کیلئے بین الصوبائی کونسل تشکیل دی جائے تاکہ صوبوں کے درمیان احساس محرومی کا خاتمہ کیا جاسکے اور ملک کو مضبوط بنایا جاسکے۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ آئندہ انتخابات میں ایم کیوایم کے انتخابی نشان پتنگ پر مہر لگائیں اور حق پرست امیدواروں کو بھاری اکثریت سے کامیاب کرائیں۔

## این جی او پاسداران پاکستان کے روح رواں سابق ایم این اے قاری گل رحمان کے
## صاحبزادے وحید مغل نے حق پرست امیدواران کے ایس مجاہد بلوچ اور شیخ فیروز کی حمایت کا اعلان کردیا

کراچی۔۔۔یکم فروری 2008ء

این جی او پاسداران پاکستان کے روح رواں اور سابق رکن قومی اسمبلی قاری گل رحمان کے صاحبزادے وحید مغل نے غیر مشروط طور پر متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدوار برائے این اے 239 کے ایس مجاہد بلوچ وامیدوار برائے پی ایس 89 شیخ فیروز کی آئندہ انتخابات میں حمایت کا اعلان کردیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز کیماڑی کی یوسی 3 میں منعقدہ کارنر میٹنگ میں کیا جس میں حق پرست امیدواران کے علاوہ ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے اراکین نے بھی شرکت کی۔اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے وحید مغل نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کی سیاسی خدمات کو کوئی نظرانداز نہیں کرسکتا اور قائد تحریک جناب الطاف حسین جس فکر وفلسفہ اور نظریئے کو فروغ دے رہے ہیں اسی میں تمام قومیتوں اور برادریوں کے حقوق پنہاں ہیں۔اس موقع پر حق پرست امیدواران کے ایس مجاہد بلوچ اور شیخ فیروز نے وحید مغل کی جانب سے آئندہ انتخابات میں حمایت کے اعلان کا زبردست خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ نام نہاد سیاسی ومذہبی جماعتیں متحدہ قومی موومنٹ کی بڑھتی ہوئی مقبولیت کو نہیں روک سکتیں اور آئندہ انتخابات میں حق پرست قیادت بھاری اکثریت سے کامیابی حاصل کرے گی۔ دریں اثناء اپنے حلقہ انتخاب مچھر کالونی میں منعقدہ ایک اور بڑی کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کے ایس مجاہد بلوچ اور شیخ فیروز نے کہا کہ آئندہ انتخابات میں حق پرستوں کی کامیابی یقینی ہے اور وہ منتخب ہوکر جناب الطاف حسین کی فکر،نظریہ،مقصد اور مشن کے مطابق عوام کی خدمت کریں گے اور ان کی خواہشات اور امیدوں کے مطابق ترقی وخوشحالی کا سفر جاری رکھیں گے۔

## فرنٹیئر کالونی کی مشہور ومعروف روحانی شخصیت پیر درویش نے آئندہ انتخابات میں حق پرست امیدواروں کی حمایت کا اعلان کردیا

## تمام مرید حق پرست امیدواران اقبال قادری اور صلاح الدین کی کامیابی کیلئے بھر پور انتخابی مہم چلائیں، پیر درویش کی مریدوں کو ہدایت

کراچی۔۔۔یکم فروری2008ء

فرنٹیئر کالونی کی مشہور ومعروف روحانی شخصیت پیر درویش نے آئندہ انتخابات میں حق پرست امیدوار برائے این اے 241 اقبال قادری اور امیدوار برائے پی ایس 93 صلاح الدین کی حمایت کا اعلان کردیا ہے اور اپنے تمام مریدوں کو ہدایت کی کہ حق پرست امیدواروں کی کامیابی کیلئے پورے علاقے میں بھر پور انتخابی مہم چلائیں کیونکہ حق پرست قیادت ہی ہمارے علاقے کے مسائل کے حل میں دلچسپی رکھتی ہے۔حق پرست امیدواروں کی حمایت کا اعلان پیر درویش نے فرنٹیئر کالونی یوسی 6 میں منعقدہ اجتماع میں کیا جس میں علاقے کے نوجوانوں اور بزرگوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے حق پرست امیدوران اقبال قادری اور صلاح الدین نے کہا کہ ایم کیوایم دیگر شعبہ ہائے زندگی کے علاوہ مینوفیکچرنگ کے شعبہ پر بھی یکساں توجہ دے گی جس میں صرف اشیائے صرف کی پیداوار ہی نہیں بلکہ ہلکی اور بھاری صنعتیں بھی شامل ہوں گی۔

## جلال آباد نٹال کالونی ناظم آباد میں سوات سے تعلق رکھنے والے پختون برادریوں کے عمائدین نے حق پرست امیدواروں کی حمایت کا اعلان کردیا

کراچی۔۔۔یکم فروری2008ء

جلال آباد نٹال کالونی ناظم آباد میں سوات سے تعلق رکھنے والے پختون برادریوں کے سینکڑوں عمائدین نے حق پرست امیدوار برائے این اے 247 ڈاکٹر ندیم احسن اور امیدوار برائے پی ایس 105 ریحان ظفر کی مکمل حمایت کا اعلان کیا ہے اور حق پرست امیدواران کو یقین دلایا ہے کہ آئندہ انتخابات میں ترقی وخوشحالی کے لئے اپنے ووٹ کا استعمال حق پرست امیدواران کے حق میں ہی کریں گے۔یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے تحت نٹال کالونی میں منعقدہ اجتماع میں کیا جس میں حق پرست امیدواران کے علاوہ ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج خورشید مکرم اور اراکین بھی شریک ہوئے۔اس موقع پر حق پرست امیدواران نے جلال آباد نٹال کالونی میں ایم کیوایم کے الیکشن آفس کا افتتاح بھی کیا۔اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے حق پرست امیدواران ڈاکٹر ندیم احسان اور ریحان ظفر نے کہا کہ شرپسند عناصر ایم کیوایم کے ترقیاتی کاموں اور ایم کیوایم کی بڑھتی ہوئی مقبولیت سے گھبرا کر الزام تراشیوں پر اُتر آئے ہیں جبکہ کراچی میں ہونے والے سارے ترقیاتی کاموں میں مزدور سے لیکر ٹھیکیداروں تک میں پختونوں کی اکثریت شامل ہے اور اس بات سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ ایم کیوایم پختونوں کیلئے روزگار مہیا کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ نام نہاد پختون قوم پرست رہنما اپنے مفادات کی تکمیل کیلئے معصوم پختونوں کو استعمال کرتے رہے ہیں لیکن اب انشاءاللہ پختون عوام قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ پر عمل پیرا ہو کر مفاد پرستوں کو آئندہ انتخابات میں بری طرح شکست سے ہمکنار کریں گے۔

## حق پرست قیادت نے صحت کے شعبہ میں جو کارنامے انجام دیئے وہ عوامی پذیرائی حاصل کررہے ہیں، شیخ صلاح الدین

## نارتھ کراچی کے سیکٹر B-15 میں منعقدہ عوامی اجتماع سے خطاب

کراچی۔۔۔یکم فروری2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدوار برائے این اے 244 شیخ صلاح الدین نے کہا ہے کہ صحت عوام کی بنیادی ضرورت ہے اور ایم کیوایم سے قبل اس شعبہ میں نعرے ہی بلند کئے گئے جبکہ صحت کے شعبہ میں حق پرست قیادت نے جو کارنامے انجام دیئے ہیں وہ عوامی پذیرائی حاصل کررہے ہیں۔یہ بات انہوں نے گزشتہ روز اپنے حلقہ انتخاب نارتھ کراچی کے سیکٹر B-15 میں منعقدہ عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔شیخ صلاح الدین نے کہا کہ ایم کیوایم کے منشور میں غربت وبے روزگاری کے خاتمہ، صوبائی خود مختاری کا حصول، تعلیم، صحت، زرعی اصلاحات سمیت دیگر نکات شامل ہیں جو عوام کی مکمل ترجمانی کرتے ہیں۔شیخ صلاح الدین نے عوام سے اپیل کی کہ وہ 18 فروری کے انتخابات میں حق پرست امیدواروں کو بھاری اکثریت سے ووٹ دیکر کامیاب کرائیں۔

## سندھ سمیت ملک بھر کے عوام کو کوئی طاقت اپنے مذموم عزائم کی تکمیل کیلئے استعمال نہیں کرسکتی، حق پرست امیدوار علیم الرحمٰن
## رحیم آباد میں منعقدہ انتخابی کارنر میٹنگ میں مسیحی اور مسلم نوجوانوں، بزرگوں اور خواتین سے خطاب

کراچی۔۔۔یکم فروری 2008ء

صوبائی اسمبلی کے حلقہ 124 کی نشست پر نامزد حق پرست امیدوار علیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے تمام صوبوں کے عوام کے درمیان اتحاد و یکجہتی کی فضا کو فروغ دیکر ان میں اپنے جائز حقوق کے حصول کا شعور بیدار کر دیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز اپنے حلقہ انتخاب کے علاقے رحیم آباد میں منعقدہ انتخابی کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کیا جس میں مسیحی اور مسلم نوجوانوں، بزرگوں اور خواتین نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ علیم الرحمٰن نے کہا کہ مفاد پرست عناصر نے ملک بھر کے عوام کو اسلام، مسلک، قومیت اور برادریوں کے نام پر آپس میں دست و گریباں کرا کر ملک و قوم کو کمزور کرنے کی سازشیں کیں جنہیں قائد تحریک جناب الطاف حسین نے سیاسی تدبر کے ذریعے ہمیشہ ناکام بنایا ہے اور اب سندھ سمیت ملک بھر کے عوام کو کوئی طاقت اپنے مذموم عزائم کی تکمیل کیلئے استعمال نہیں کرسکتی۔

## متحدہ قومی موومنٹ نے اقتدار کو ہمیشہ عوام کی امانت سمجھا ہے، حق پرست امیدوار عبدالوسیم
## نارتھ کراچی کے سیکٹر 4 میں منعقدہ انتخابی کارنر میٹنگ سے خطاب

کراچی۔۔۔یکم فروری 2008ء

قومی اسمبلی کے حلقہ 243 کی نشست پر نامزد متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدوار عبدالوسیم نے کہا ہے کہ عوام جان چکے ہیں کہ نام نہاد سیاسی و مذہبی جماعتوں نے بار بار اقتدار حاصل کرنے کے باوجود ملک و قوم کو بدحالی، بیروزگاری، قتل و غارتگری اور ریاستی آپریشن کے طوق پہنائے اور 98 فیصد غریب و متوسط طبقے کا استحصال کیا ہے۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز نارتھ کراچی کے سیکٹر 4 میں منعقدہ انتخابی کارنر میٹنگ کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ عبدالوسیم نے کہا کہ آج جو نام نہاد سیاسی و مذہبی جماعتیں انتخابات کے موقع پر اپنے آپ کو معصوم ظاہر کر رہی ہیں اور بلند و بانگ دعوے کر کے عوام کو گمراہ کرنے کی ناکام کوشش کر رہی ہیں وہ جواب دیں کہ انہوں نے گزشتہ 60 برس کے دوران عوام کی ترقی و خوشحالی کیلئے کیا کیا کارہائے نمایاں انجام دیئے ہیں؟ انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ واحد سیاسی جماعت ہے نے جس نے اقتدار کو عوام کی امانت سمجھا ہے اور آئندہ بھی حق پرست منتخب نمائندے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر و فلسفہ کی روشنی میں بلاتفریق عوامی خدمت انجام دیتے رہیں گے۔

## ایم کیو ایم لیبر ڈویژن پورٹ قاسم یونٹ کے کارکن رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔یکم، فروری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم لیبر ڈویژن پورٹ قاسم یونٹ کے کارکن محمد ذیشان کی والدہ محترمہ شاہ جہاں کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ دریں اثناء ایم کیو ایم لیبر ڈویژن کی سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی کے اراکین نے بھی محمد ذیشان کی والدہ محترمہ کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے اور مرحومہ کی مغفرت کیلئے دعا کی ہے۔

## مہر قبیلے کے سردار علی گوہر خان مہر کی وفد کے ہمراہ رابطہ کمیٹی سے ملاقات

کراچی۔۔۔یکم، فروری 2008ء

مہر قبیلے کے سردار علی گوہر خان مہر نے ضلع ناظم سکھر سید ناصر حسین شاہ، نگراں صوبائی وزیر علام رسول انڑ اور یونس مہر پر مشتمل وفد کے ہمراہ جمعہ کے روز ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں رابطہ کمیٹی کے ارکان بابر خان غوری، اشفاق منگی، وسیم آفتاب سے ملاقات کی۔ ملاقات نصف گھنٹے سے زائد جاری رہی جس میں باہمی امور سمیت ملکی بالخصوص سندھ کی سیاسی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد کے ارکان نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی صحتیابی کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے گلدستہ پیش کیا۔ اس موقع پر ایم کیو ایم کی اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے ذمہ داران بھی موجود تھے۔

## ایم کیوایم پاکستان کی ترقی وخوشحالی اور جمہوری اداروں کومستحکم ومضبوط بنانے کی عملی جدوجہد کررہی ہے، طاہر قریشی، شعیب ابراہیم
## حق پرست امیدواران کا گھانس منڈی، کے ایم سی کوارٹرز، مکہ بلڈنگ، دھوبی گھاٹ اور دیگر مقامات پر منعقدہ انتخابی اجتماعات سے خطاب

کراچی ۔۔۔ یکم، فروری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدوار برائے پی ایس 111 طاہر قریشی اور امیدوار برائے پی ایس 110 شعیب ابراہیم نے کہا ہے کہ ایم کیوایم پرامن اور جمہوری طریقے سے ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ اور وڈیرانہ نظام کا خاتمہ چاہتی ہے اور سازشوں کے ذریعے ایم کیوایم کی حق پرستانہ جدوجہد کو ہرگز سبوتاژ نہیں کیا جاسکتا۔ان خیالات کا اظہار حق پرست امیدواران نے اپنے حلقہ انتخاب کے علاقے گھانس منڈی، کے ایم سی کوارٹرز، مکہ بلڈنگ، کاکا اسٹریٹ، دھوبی گھاٹ، بادشاہی روڈ، نکولس اسٹریٹ اور حنفیہ مسجد کے مقامات پر منعقدہ انتخابی اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے کیا جن میں عوام نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔طاہر قریشی اور شعیب ابراہیم نے کہا کہ ایم کیوایم پاکستان کی ترقی و خوشحالی اور جمہوری اداروں کو مستحکم ومضبوط بنانے کی عملی جدوجہد کررہی ہے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت تلے متحد ومنظم ہوکر ہی ملک بھر کے 98 فیصد غریب و متوسط طبقے کے عوام اپنے جائز حقوق حاصل کرسکتے۔

## 18، فروری کا دن ملک بھر کے 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے کے عوام کیلئے خوشی کی نوید لیکر آئے گا
## حق پرست امیدواران عبدالرشید گوڈیل ڈاکٹر صغیر احمد اور سردار احمد کے حلقہ رابطہ مہم کے سلسلے میں مختلف علاقوں میں عوام سے بات چیت

کراچی ۔۔۔ یکم، فروری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدواران کی جانب سے انتخابی مہم کے سلسلے میں گھر گھر عوامی رابطوں کا سلسلہ جاری ہے۔اس سلسلے میں حق پرست امیدوار برائے این اے 252 عبدالرشید گوڈیل، امیدوار برائے پی ایس 117 ڈاکٹر صغیر احمد اور امیدوار برائے پی ایس 116 سردار احمد نے فاطمہ جناح کالونی، پنجاب ٹاؤن، صوبہ صادق کمپاؤنڈ، جہانگیر روڈ، عثمانیہ کالونی اور عیسیٰ نگری میں دوکانداروں، محلّہ کمیٹیوں کے اراکین اور نوجوانوں، بزرگوں اور خواتین سے ملاقاتیں کیں اور انہیں ایم کیوایم کے مشن، مقصد اور نظریئے سے آگاہ کیا۔حق پرست امیدواران نے مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ 18 فروری کا دن ملک بھر کے 98 فیصد غریب و متوسط طبقے کے عوام کیلئے خوشی کی نوید لےلیکر آئے اور اس دن ملک بھر کے مظلوم عوام مظلوموں کی قیادت کا بھرپور ساتھ دیکر ثابت کردیں کہ وہ ملک میں منصفانہ نظام چاہتے ہیں اور دوہرے نظام کے خاتمے کیلئے اپنی پرامن جدوجہد جاری رکھیں گے۔

## آئندہ انتخابات ملک کی اندرونی اور بیرونی صورتحال کے باعث انتہائی خصوصیت کے حامل ہیں، سید منظر امام
## اورنگی ٹاؤن میں منعقدہ مرکزی انتخابی کارنر میٹنگ سے خطاب، نماز جمعہ کی ادائیگی کے بعد نمازیوں سے گفتگو

کراچی ۔۔۔ یکم، فروری 2008ء

حق پرست امیدوار برائے PS-95 سید منظر امام نے جمعہ کے روز بھی بدستور اپنی انتخابی مہم جاری رکھی۔انہوں نے مقامی مسجد میں نماز جمعہ ادا کی اور نمازیوں سے ملاقاتیں کیں۔ انہوں نے عوامی رابطہ مہم کے سلسلے میں بازاروں اور دیگر معروف علاقوں کا دورہ بھی کیا عوام سے رابطہ کرتے ہوئے 18 فروری کو ہونے والے انتخابات اور اس کی اہمیت وافادیت پر روشنی ڈالی اور انہیں صورت میں ووٹ کا حق استعمال کرنے پر قائل کیا۔سید منظر امام نے اپنے حلقہ انتخاب میں مختلف مقامات پر کارنر میٹنگوں سے بھی خطاب کیا۔اپنے حلقہ انتخاب میں ایک بڑی اور مرکزی کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آئندہ انتخابات ملک کی اندرونی اور بیرونی صورتحال کے باعث انتہائی خصوصیت کے حامل ہیں، ملک کی سلمیت اور بقاء کیلئے اورنگی ٹاؤن کے عوام کو بہت سمجھ کر اپنے ووٹ کا حق استعمال کرنا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین ملک کے واحد رہنما ہیں جو نہ صرف پاکستان کو بچانے کی مکمل صلاحیت رکھتے ہیں بلکہ اسے تیز رفتاری کے ساتھ ترقی وخوشحالی کی طرف گامزن بھی کرسکتے ہیں۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ آئندہ انتخابات میں صرف حق پرست امیدواروں کو ووٹ دیکر کامیاب کریں۔

## چارسدہ وال برادری نے آئندہ انتخابات میں متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدواروں کی حمایت کا اعلان کر دیا

کراچی۔۔۔یکم،فروری2008ء

شیر پاؤ کالونی کی چارسدہ وال برادری کے معززین نے آئندہ عام انتخابات میں متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدواروں کی مکمل حمایت کا اعلان کر دیا ہے، یہ اعلان چارسدہ وال برادری کی طرف سے شاہ حسین ،مقصود خان،محسن خان اورفرقان خان نے پی پی او سی کے تحت حسینی چورنگی شیر پاؤ کالونی میں قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 258 نثاراحمد شر اورصوبائی اسمبلی کے حلقہ پی ایس 128 سے نامزد حق پرست امیدوار سردار خان کی انتخابی مہم کے سلسلے میں منعقدہ کارنر میٹنگ کے دوران کیا۔کارنر میٹنگ میں چارسدہ وال برادری کے نوجوانوں، بزرگوں نے سینکڑوں کی تعداد میں شرکت کی اوراپنی بھر پور حمایت کا یقین دلایا۔کارنر میٹنگ سے شاہ حسین ،مقصود خان،محسن خان اورفرقان خان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ واحد جماعت ہے جو بلاتفریق عوام الناس کی صحیح معنوں میں بے لوث خدمت کررہی ہیں اوران کے مسائل کے حل کیلئے عملاً کوشاں ہے،انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے نامزد حق پرست امیدواروں نثاراحمد شر اور سردار خان کو اپنی برادری کی جانب سے مکمل تعاون کا یقین دلاتے ہوئے کہا کہ ہم اپنی برادری کی طرف سے پی ایس 128 کے نامزد امیدوار سردار خان اوراین اے 158 کے نامزد امیدوار نثاراحمد شر کی بھر پور حمایت کا اعلان کرتے ہیں اورحق پرست امیدواروں کیلئے گھر گھر جا کر لوگوں کو ان کی حمایت کیلئے آمادہ کریں گے۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ شہر کی بہتر خدمت کررہی ہے اورشہریوں کے مسائل حل کررہی ہے۔قبل ازیں سردار احمد اور نثار شر نے اپنے خطاب میں کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے پختون کو ٹکٹ دیکر ثابت کر دیا ہے کہ تحریک میں سب برابر ہیں یہ ہی حقیقی معنوں میں متحدہ قومی موومنٹ ہے۔انہوں نے کہا کہ ماضی میں پختون آبادیوں سے متحدہ کو ووٹ نہیں ملا تا ہم حق پرست قیادت نے وہاں بڑے بڑے پروجیکٹ تعمیر کئے اور پورے شہر کا نقشہ تبدیل کر دیا۔انہوں نے پختونوں بزرگوں اورنوجوانوں سے اپیل کی کہ وہ آئندہ انتخابات میں حق پرستوں کو ووٹ دیکر متحدہ کو آزمائیں۔

☆☆☆☆☆